| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 10 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَۃُ النَّاسِ) دہرائی |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَۃُ النَّاسِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوِّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو باب اوّل قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا سبق "حفظِ قرآن مجید" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

## اعادہ: 5 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

## گھر کا کام:

N/A

20منٹ  ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ النَّاسِ) دہرائی |
|---|---|---|

**سوال نمبر1:** معوّذتین سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

**سوال نمبر2:** سُوْرَةُ النَّاسِ سے متعلق معلومات لکھیں۔

آیات کی تعداد ______________________________

پارہ نمبر ______________________________

سورت نمبر ______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 10 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تعوّذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ) مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر ان کو پڑھ سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام ضرور کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو باب اوّل قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا سبق "حفظ و ترجمہ" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| 20منٹ | ورک شیٹ |
| --- | --- |

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حفظ و ترجمہ (دہرائی |
| --- | --- | --- |

**سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

ا۔ تعوّذ کے کیا معنی ہیں؟

_______________________________

۲۔ تسمیہ میں اللہ تعالیٰ کے کن دو صفاتی ناموں کا ذکر ہوا ہے؟

_______________________________

**سوال نمبر2: تعوّذ پڑھنے کے تین مواقع تحریر کریں۔**

_______________________________

_______________________________

_______________________________

**سوال نمبر3: صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔**

| | | تسمیہ | تعوّذ |
| --- | --- | --- | --- |
| • | میں کھانا کھانے سے پہلے پڑھتا/پڑھتی ہوں: | | |
| • | جب مجھے غصہ آئے تو میں پڑھتا/پڑھتی ہوں: | | |
| • | میں پڑھائی شروع کرنے سے پہلے پڑھتا/پڑھتی ہوں: | | |
| • | جب مجھے برا خیال آئے تو میں پڑھتا/پڑھتی ہوں: | | |

**سوال نمبر4:** نقطے ملائیں اور پڑھیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

**سوال نمبر5:** ترجمہ لکھیں۔

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: ______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 10 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: روزہ (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رُکن ہے۔
- سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو باب دوم ایمانیات و عبادات (ب) عبادات سبق "روزہ" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | مضمون:اسلامیات | سبق:روزہ(دہرائی) |

**سوال1: دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔**

ا۔ صوم کسے کہتے ہیں؟

______________________________

۲۔ صوم کے کیا معنیٰ ہیں؟

______________________________

۳۔ مسلمان کس مہینے میں روزے رکھتے ہیں؟

______________________________

۴۔ لیلۃ القدر کسے کہتے ہیں؟

______________________________

**سوال نمبر2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مسنون | رمضان المبارک | بالغ | روحانی | رکن |

ا۔ روزہ دینِ اسلام کا اہم __________ ہے۔

۲۔ روزہ __________ اور صحت مند لوگوں پر فرض ہے۔

۳۔ مسلمان __________ کے پورے مہینے میں روزے رکھتے ہیں۔

۴۔ روزہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کا __________ طریقہ ہے۔

۵۔ روزہ انسان کو جسمانی اور __________ بیماریوں سے بچاتا ہے۔

**سوال نمبر 3: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

۱ روزے کو عربی زبان میں کہتے ہیں :

الف صلوٰۃ　ب صَوم　ج توحید　د زکوٰۃ

۲ رَمَضانُ المبارک کے مہینے میں ہر نیکی کا ثواب بڑھ جاتا ہے :

الف چالیس گُنا　ب پچاس گُنا　ج ساٹھ گُنا　د ستر گُنا

۳ مُسلمان رَمَضانُ المبارک میں روزے رکھنے کے بعد عیدُالفطر مناتے ہیں :

الف یکم شوال المکرّم کو　ب یکم رجب المرجب کو

ج یکم شعبان المعظّم کو　د یکم ربیعُ الاوّل کو

۴ سحری کی جاتی ہے:

الف صبح صادق سے پہلے　ب ظُہر سے پہلے

ج عصر کے وقت　د مغرب سے پہلے

۵ روزہ رکھنے سے ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے:

الف مال داروں سے　ب غریبوں سے

ج رِشتہ داروں سے　د بچّوں سے